# اپنا فنجا اکاؤنٹ کیسے بنایا جاسکتا ہے؟

فنجا پر اپنا اکاؤنٹ بنانا انتہائی آسان ہے۔ اپنا اکاؤنٹ بنانے کے لیے فنجا کی ایپ ڈاؤن لوڈ کریں اور نیچے دیئے گئے مراحل پر عمل کریں


Available on the App Store

GET IT ON Google Play



## اپنے سوالوں کے جواب پائیں

1



کریانہ سٹور کی آپشن پر کلک کریں

2




اپنی پروفائل بنانے کی سکرین پر خود اکاؤنٹ بنانے کی آپشن پر کلک کریں

3



شناختی کارڈ کی معلومات پُر کریں

4




ذاتی پس منظر کی معلومات پُر کریں

5




دوکان کی تفصیلات پُر کریں

6




اپنی تصویر شناختی کارڈ کی تصویر اور دوکان کی ایسی تصویر اپ لوڈ کریں جس میں خریدا گیا سٹاک واضح نظر آئے

7



ریٹیل کی معلومات کی سکرین پر گاہکوں کی آمد اور اپنی دوکان کی ہفتہ و ماہانہ وار فروخت کی تفصیل لکھیں


8



آپکی پروفائل مکمل ہو چکی ہے

# فنجا کو کریڈٹ فنانسنگ کی
# درخواست جمع کروانے کا طریقہ

1



کریڈٹ لینے کے لیے کریڈٹ کی درخواست
والے آپشن پر کلک کریں

2




لازمی شرائط و ضوابط برائے سٹاک فنانسنگ
کو بغور پڑھیں اور متفق کے بٹن پر کلک کریں

3




کریڈٹ کی رقم کے خانے میں انوائس کی
رقم یعنی کہ جتنی رقم کا سامان
آپ نے خریدا ہے وہ درج کریں۔ کریڈٹ کی مدت والے خانے
میں رقم واپسی کا دورانیہ دنوں میں درج کریں
اور سٹاک/رسید کی تصویر اپ لوڈ کریں

4



سٹاک فنانسنگ کی تفصیلات میں
ڈسٹری بیوٹر کا نمبر، انوائس کا نمبر، سیلز کا مقام
اور دوکان کا کوڈ لکھیں

5



آپ کی کریڈٹ کی درخواست مکمل ہے۔
درخواست کے خلاصے میں آپ کو فراہم کردہ کریڈٹ کا بیلنس
اور کریڈٹ واپسی کی تاریخ درج ہوگی

# اپنے سوالوں کے جواب پائیں

1 **کیا فنجا سے لی گئی رقم اسلامی اصولوں کے مطابق ہے؟**

جی ہاں، فنجا ایپ سے حاصل کردہ کریڈٹ اسلامی اصولوں کے عین مطابق ہے۔

2 **آن بورڈ کرنے اور ٹرانزیکشن کرنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟**

آن بورڈنگ اور ٹرانزیکشن میں 10 - 5 منٹ سے زیادہ وقت نہیں لگتا۔ کیونکہ یہ نظام موقع پر اپ ڈیٹ ہوتا ہے اس لیے جب آن بورڈنگ اور والٹ ترتیب دینے کے مراحل مکمل ہو چکے ہوں تو ریٹیلر فوری ٹرانزیکشن کر سکتا ہے۔

3 **کریڈٹ کا دورانیہ کتنا ہے؟**

فی الحال تین پلان موجود ہیں جو کہ 7، 15 اور 30 دن کے ہیں۔

4 **کریڈٹ حاصل کرنے کے سروس چارجز کیا ہیں؟**

7، 15 اور 30 دن کے لیے چارجز بالترتیب %0.63، %1.25 اور %2.5 ہیں۔

5 **کریڈیٹ کی سہولت کیسے استعمال کی جاسکتی ہے؟**

ضروری ہے کہ ریٹیلر کے پاس سمارٹ فون ہو اور اس کے ساتھ ساتھ وہ فنجا ریٹیلر ایپ میں آن بورڈ بھی ہو۔

6 **ایک ریٹیلر زیادہ سے زیادہ کتنی رقم حاصل کر سکتا ہے؟**

کریڈٹ کی رقم ریٹیلر کی دوکان کی پروفائل کے مطابق دی جائے گی، جو کہ زیادہ سے زیادہ 50 ہزار روپے ہو سکتی ہے۔ البتہ تین دفعہ کامیابی کے ساتھ کریڈٹ واپسی کے بعد ریٹیلر کی درخواست پر یہ حد بڑھائی جا سکتی ہے۔

7 **کیا ریٹیلر کریڈٹ کی واپسی واجب الادا تاریخ سے پہلے کر سکتا ہے؟**

جی ہاں، واجب الادا تاریخ سے پہلے رقم واپس کی جا سکتی ہے جس کے بعد یہ سہولت دوبارہ حاصل کی جا سکتی ہے۔

8 **کیا رقم واپسی میں تاخیر پر کوئی جرمانہ عائد ہوتا ھے؟**

جی ھاں، اگر ریٹیلر واجب الادا تاریخ تک ادائیگی کرنے سے قاصر رھتا ھے تو وہ تاخیر سے واپسی کے چارجز (LPS) دینے کا پابند ھوگا، جو کہ حاصل کردہ رقم پر ھفتہ وار %1 ھیں۔

9 کریڈٹ کیسے واپس کیا جا سکتا ہے؟

واجب الادا تاریخ پر، ریٹیلر کو فنجا کی طرف سے فون کال کی جائے گی جہاں وہ اپنی مرضی سے رقم کی واپسی کا طریقہ منتخب کر سکتا ہے۔

a. رقم فنجا والٹ میں جمع کروائی جا سکتی ہے جس کو خودکار بینک ٹرانسفر (IBFT) کے زریعے فنجا لینڈنگ سروسز اکاؤنٹ میں منتقل کیا جا سکتا ہے

b. کسی بھی بینک کے ذریعے خودکار بینک ٹرانسفر (IBFT) کے زریعے رقم منتقل کی جا سکتی ہے

c. فنجا اکاؤنٹ میں کیش جمع کروایا جا سکتا ہے

d. کوریئر سروس کی مفت سہولت استعمال کی جا سکتی ہے

c. فنجا کے نامزد کردہ کولیکشن ایجنٹ کے ذریعے رقم جمع کروائی جا سکتی ہے

10 کیا کوئی ریٹیلر ایک مہینے میں ایک سے زیادہ مرتبہ کریڈٹ حاصل کر سکتا ہے؟

جی ہاں، منظور شدہ کریڈٹ حد میں رہتے ہوئے، جتنی دفعہ چاہے کریڈٹ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

11 کیا ہم سٹاک حاصل کرنے کے لیے ان ریٹیلرز کو کریڈٹ دے سکتے ہیں جن کے ڈیسٹری بیوٹرز فنجا کے پلیٹ فارم پر نہ ہوں؟

جی نہیں، کریڈٹ دیئے جانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ڈیسٹری بیوٹر فنجا کے ساتھ آن بورڈ ہو۔

12 کیا ریٹیلر سٹاک ڈلیور ہونے سے پہلے ٹرانزیکشن (کریڈٹ کی درخواست) کر سکتا ہے؟

جی نہیں! کیونکہ کریڈٹ سٹاک پر دیا جاتا ہے، اس لیے ٹرانزیکشن کرنے سے پہلے ڈلیوری لازمی ہے۔

13 کیا ریٹیلر کی کریڈٹ لینے کی حد بڑھائی جا سکتی ہے؟

جی ہاں، تین دفعہ کامیابی کے ساتھ کریڈٹ واپس کرنے کے بعد ریٹیلر کی درخواست پر یہ حد بڑھائی جا سکتی ہے۔

"ہمیں ہے

آپ کی کامیابی

پہ یقین"